Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 23 June-2024

Time: 09:00-09:10 am

آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 23 جون ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

:::::سرخیاں:::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ نیٹ معاملے کی سی بی آئی کے ذریعے جانچ کروانے کا مرکزی حکومت کا فیصلہ۔ اب تک 6/افراد گرفتار۔

☆ این۔ٹی۔اے کے ڈائریکٹر جنرل، عہدے سے برخاست۔ مجوزہ نیٹ PG کے آج کے امتحانات ملتوی۔

☆ غیر تعلیمی کام اساتذہ سے نہ کروانے کا فیصلہ ریاستی حکومت کے زیرِ غور۔

☆ سرکاری وفد سے گفت وشنید کے بعد او بی سی رہنماؤں کی بھوک ہڑتال فی الفور ملتوی۔

☆ ریاستی اقلیتی کمشنوریٹ کا قیام۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کے حج ہاؤس میں دفتر۔

اور۔۔ ☆ ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں بھارت کی بنگلہ دیش کے خلاف 50 رنوں سے فتح۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

میڈیکل کورسیز میں داخلے کی اہلیتی جانچ ''نیٹ'' سے متعلق مبینہ بدعنوانیوں کی تحقیقات مرکزی تفتیشی ادارے سی بی آئی کے سپرد کر دی گئی ہے۔ اس ضمن میں بہار پولس نے کل جھارکھنڈ سے 6 افراد کو گرفتار کرلیا۔ اس معاملے میں لاتور سے بھی دو اساتذہ کو گرفتار کئے جانے کی اطلاعات ہیں۔ ان بدعنوانیوں کے سلسلے میں قومی امتحانی کونسل ''این ٹی اے'' ڈائریکٹر جنرل سبودھ کمار سنگھ کو ان کے عہدے سے برخاست کر دیا گیا ہے۔ اس عہدے کا اضافی چارج پردیپ سنگھ کھرولا کو دے دیا گیا ہے۔

ان تمام معاملات کے پیش نظر نیٹ پی جی کے آج مجوزہ امتحانات ملتوی کر دیئے گئے ہیں۔ ان امتحانات کی نئی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائیگا۔

دریں اثناء مرکزی وزارت تعلیم نے NTA کے طرز کار سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کی ہے۔ امتحانی عمل میں اصلاحات، اطلاعات کے تحفظ کے نظام نیز امتحانی کونسل کی تشکیل نو اور طریقہ کار کا یہ کمیٹی جائزہ لیگی۔ اس سلسل میں جاری خبروں میں بتایا گیا ہے کہ اندرون دو ماہ یہ کمیٹی مرکزی حکومت کو اپنی رپورٹ پیش کریگی۔

اس دوران ایک خبر کے مطابق نیٹ یو جی کے امتحانات میں گریس مارک حاصل کرنے والے ایک ہزار پانچ سو 63 طلباء کے دوبارہ امتحانات شیڈول کے مطابق آج ہی ہونگے۔

مسابقتی امتحانات میں بدعنوانیوں اور بے ضابطگیوں کو روکنے کے لئے عام امتحانات میں غیر مناسب ذرائع کی روک تھام سے متعلق قانون 2024 کا کل سے نفاذ ہوگیا ہے۔ اس قانون کے تحت خاطی پائے جانے والے افراد کو 10 برس کی قید اور ایک کروڑ روپئے جرمانے کی سزا ہوسکتی ہے۔

**** **** *****

جونیئر ریسرچ فیلوشپ اور لیکچررز کے انتخاب کیلئے مشترکہ طور پر لئے جانے والے سی ایس آئی آر۔ یو جی سی نیٹ امتحانات قومی ایگزامنیشن کونسل نے ملتوی کردیئے ہیں۔ طے شدہ پروگرام کے مطابق یہ امتحانات 25 جون تا 27 جون کے درمیان ہونے والے تھے۔

**** **** *****

پیشہ وارانہ نصاب میں داخلے کیلئے ہونے والی اہلیتی جانچ سی ای ٹی سے متعلق شہریوں کے اعتراضات کو سی ای ٹی کمشنر دلیپ سردیسائی نے حقائق کے برعکس قرار دیا ہے۔ کل ممبئی میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کمپیوٹر کے ذریعے ہونے والا یہ عمل مکمل طور پر شفاف اور انسانی دراندازی سے پاک ہے۔ اور تلقین کی کہ طلباء اور سرپرست اس سلسلے میں افواہوں پر بھروسہ نہ کریں۔

**** **** *****

جعلی بلوں کے ذریعے ان پٹ ٹیکس کریڈٹ کے حصول کو روکنے کیلئے اشیاء وخدمات ٹیکس میں آدھار پر مبنی بائیومیٹرک سسٹم نافذ کیا جائیگا۔ اشیاء خدمات ٹیکس GST کونسل کے 53 ویں اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے یہ اطلاع دی۔ انہوں نے بتایا کہ گجرات، پدوچری میں اس سسٹم کی جانچ کی جاچکی ہے اور ملک بھر میں مرحلہ وار اس پر عمل آوری ہوگی۔ ریلوے پلیٹ فارم ٹکٹ اور انتظار گاہ جیسی دوسری سہولیات کو جی ایس ٹی سے مستثنیٰ کرنے کا فیصلہ بھی انہوں نے اعلان کیا۔

**** **** *****

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ اساتذہ کو غیر تعلیمی کام نہ دیئے جانے سے متعلق ریاستی حکومت غور کر رہی ہے۔ کل احمد نگر میں منعقدہ پرنسپل اساتذہ اجلاس سے وہ خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کو صرف تعلیم دینے کا کام پر ہی مامور ہونا چاہئے۔ 2005 سے قبل کی پرانی پنشن اسکیم لاگو کرنے کا بھی وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر اعلان کیا۔

**** **** *****

جالنہ ضلع کے وڈی گودری میں تحریک چلانے والے او بی سی رہنما لکشمی ہاکے اور نوناتھ واگھمارے نے اپنی بھوک ہڑتال ختم کردی ہے۔ ریاستی حکومت کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے کل وڈی گودری میں لکشمی ہاکے اور واگھمارے سے ملاقات کی۔ اور تیقن دیا کہ مراٹھا سماج کو ریزرویشن دینے کیلئے او بی سی کا موجودہ ریزرویشن متاثر نہیں ہوگا۔ جس کے بعد ہاکے نے اپنی بھوک ہڑتال فی الحال ملتوی کردی۔ ہاکے نے بتایا کہ حکومت نے جعلی کنبی صداقت نامے جاری کرنے والوں کے خلاف کاروائی کا تیقن دیا ہے۔ اس لئے وہ اپنی تحریک ملتوی کر رہے ہیں۔

**** **** *****

ریاستی کابینہ کے ارکان چھگن بھجبل، دھننجے منڈے سمیت رکن اسمبلی گوپی چند پڈلکر، سابق رکن اسمبلی پرکاش شینڈگے اور دیگر اہم شخصیات اس اعلیٰ سطحی وفد میں شامل تھے۔

اسی دوران پونا ضلع کلکٹر دفتر کے احاطے میں بھوک ہڑتال کرنے والے ماہر قانون منگیش سسانے سے بھی بھجبل کی زیر قیادت ایک وفد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر ہونے والی گفت وشنید کے بعد سسانے نے اپنی بھوک ہڑتال ختم کردی۔

**** **** *****

مراٹھا ریز رویشن تحریک کے رہنما منوج جرانگے پاٹل نے کہا ہے کہ مراٹھا ریز رویشن اور سگے سوئرے قانون پر عمل درآمد کے ریاستی حکومت کے تیقن پر وہ اعتماد کرتے ہیں۔ اس لئے وہ 13 جولائی تک انتظار کریں گے۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ذرائع ابلاغ سے مخاطب تھے۔ انہوں نے عزم کا اظہار کیا ہے کہ مراٹھا سماج کو دیا جانے والا کنبی رجسٹریشن منسوخ ہونے نہیں دیں گے۔

قانون ساز کونسل میں قائد حزب اختلاف امباداس دانوے نے کہا ہے کہ جمہوری طرز پر تحریک چلانا ہر ایک کا حق ہے۔ تاہم اس تحریک میں تشدد نہیں ہونا چاہئے۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔

***** **** *****

اسی دوران لاتور کے دو اساتذہ کو کل نیٹ امتحان میں بدعنوانی کے الزام میں حراست میں لیا گیا تھا۔ تاہم اب سے کچھ دیر قبل ہمارے نمائندے نے بتایا کہ پوچھ تاچھ کے بعد انہیں چھوڑ دیا گیا۔

***** **** *****

نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ خانگی آبپاشی کے اضافہ شدہ نرخ کو معطل کرنے کا عمل آخری مرحلے میں ہے اور وہ عنقریب مکمل کر لیا جائیگا۔ وہ کل ممبئی میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ 29/ مارچ 2022 کو مہاوکاس آگھاڑی حکومت کے دور میں آبی وسائل ریگولیٹری اتھاریٹی کے جاری کردہ حکم کی وجہہ سے یہ شرح لاگو ہوئی تھی۔

***** **** *****

ریاستی حکومت نے اقلیتی کمشنوریٹ قائم کیا ہے۔۔ اقلیتی محکمے کے ڈپٹی سیکریٹری معین تحصیلدار کو اقلیتی کمشنر کا اضافی چارج دیا گیا ہے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کے حج ہاؤس میں یہ اقلیتی کمشنر دفتر قائم ہوگا۔ اس برس 2 فروری کو حج ہاؤس کے افتتاح کی تقریب میں اقلیتوں کی بہبود کے وزیر عبدالستار نے اقلیتی کمشنوریٹ کے قیام کا اعلان کیا تھا۔

***** **** *****

ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ ٹارنامنٹ میں کل بھارت نے بنگلہ دیش کے خلاف 50 رنوں سے فتح حاصل کر لی۔ ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے والی بنگلہ دیش کی ٹیم کے سامنے بھارت 196 / رنوں کا ہدف رکھا۔ تاہم بنگلہ دیش مقررہ 20 / اووروں میں 8 وکٹ پر 146 رن ہی نا سکی۔ 27 گیندوں میں نصف سنچری اسکور کرنے اور ایک وکٹ حاصل کرنے والے ہاردک پانڈیا کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

بھارت نے سوپر ایٹ مرحلے میں اپنے دونوں میچوں میں فتح حاصل کی ہے اور اس مرحلے کا اپنا آخری میچ کل آسٹریلیاء کے خلاف کھیلے گا۔

اسی دوران افغانستان اور آسٹریلیاء کے مابین سپر 8 مرحلے کا میچ جاری ہے۔ جس میں افغانستان نے پہلے بلے بازی کرتے ہئے آسٹریلیاء کو 149 رنوں کا ہدف دیا ہے۔ جواب میں آسٹریلیاء کی بیٹنگ جاری ہے اور آسٹریلیاء اب سے کچھ دیر پہلے تک 14 اوور میں 5 وکٹ کے نقصان پر 105 رن بنا چکی ہے۔

***** **** *****

::::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆نیٹ معاملے کی سی بی آئی کے ذریعے جانچ کروانے کا مرکزی حکومت کا فیصلہ۔اب تک 6/افراد گرفتار۔

☆این۔ٹی۔اے کے ڈائریکٹر جنرل، عہدے سے برخاست۔مجوزہ نیٹ PG کے آج کے امتحانات ملتوی۔

☆غیر تعلیمی کام اساتذہ سے نہ کروانے کا فیصلہ ریاستی حکومت کے زیرِ غور۔

☆سرکاری وفد سے گفت وشنید کے بعد او بی سی رہنماؤں کی بھوک ہڑتال فی الفور ملتوی۔

☆ریاستی اقلیتی کمشنوریٹ کا قیام۔چھترپتی سمبھا جی نگر کے حج ہاؤس میں دفتر۔

اور۔۔ ☆ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں بھارت کی بنگلہ دیش کے خلاف 50 رنوں سے فتح۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****